نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ملتان میں کپاس کی کاشت بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد

پنجاب میں 22 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کی کاشت ہو چکی، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:10 مئی 2025:(   ) ملکی برآمدات کے حجم میں اضافہ کیلئے کپاس کی پیداوار میں اضافہ ناگزیر ہے۔ صوبہ پنجاب میں 35 لاکھ ایکڑ رقبہ پر کپاس کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے برعکس اب تک 22 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کپاس کی کاشت مکمل کی جا چکی ہے۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان میں کپاس کی کاشت بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب سرفراز حسین مگسی، چیئرمین نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرلز زراعت چوہدری عبدالحمید، نوید عصمت کاہلوں، ڈاکٹر ساجد الرّحمان، ڈاکٹر عبدالقیوم، عامر رسول، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی اور ترقی پسند کاشتکار خالد محمود کھوکھر، سید حسن رضا، زرعی سائنسدان ڈاکٹر محمد اقبال بندیشہ سمیت چیف انجینئرز محکمہ انہار، ڈائریکٹرز زراعت ملتان، ڈی جی خان، بہاولپور نے شرکت کی جبکہ دیگر ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت توسیع نے آن لائن شرکت کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کپاس کی کاشت کا آخری مرحلہ 25 مئی تک جاری رہے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ بہاولپور ڈویژن کو حقیقی معنوں میں کاٹن ویلی بنانے کیلئے خصوصی مراعاتی پیکج دیا جا رہا ہے۔ کپاس کے ماڈل فارمز کی سیلیکشن کا عمل جاری ہے کپاس کے علاقوں میں نہری پانی کی وافر فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ اگیتی کاشتہ کپاس کی بہتر نگہداشت بارے رہنمائی کا عمل جاری ہے۔ کپاس کے کاشتکاروں کی رہنمائی کیلئے متعلقہ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆